
# یسوع مسیحا

وہ آدمی جو دنیا کو بدل دیتا ہے۔



## ۔ یسوع مسیحا کون ہے؟

بادشاہ ہے حالانکہ وہ صرف بادشاہ نہیں یسوع کو ابنِ خُدا اورابنِ آدم بھی کہتے ہیں. اس کا مطلب کہ وہ خُدا اور انسان دونوں تعلق میں ہے۔ یسوع کی تاریخی زندگی کے بارے میں بائبل مقدس میں بیان ہے. یہ تمام ادوار میں بڑی مشہور کہانی رہی ہے.

## ۔ دُورِ یسوع:

ہمارا یہ دوریسوع کی پیدائش سے شُروع ہوتا ہے۔
لوگوں نے پیدل، اپنے گدھوں، اونٹوں یا اپنے گھوڑوں کی پُشت پر یورپ کے بڑے حصوں، مشرقِ وسطی اور جنوبی افریقہ سے جو رومی سلطنت کا حصہ تھے سفر کیا. بہت سے لوگ لکھ اور پڑھ نہیں سکتے تھے۔ جبکہ اسرائیل میں یہودی ایسا کر سکتے تھے. جنہیں کتابی لوگ کہا جاتا تھا.
خُدا بائبل مقدس کی کتاب میں کہتا ہے کہ وہ ہی تمام تخلیقات کا خالق ہے. وہ تمام انسانوں کادوست بننا چاہتا ہے. یسوع نے یہ بڑا واضح دکھایا ہے.

## ۔ یسوع کی پیدائش

. یسوع کی ماں مریم کی ابھی شادی نہیں ہوئی تھی جب یسوع اُن کے بطن میں پڑا.جب تک یسوع کی پیدائش نہ ہوئی وہ کنواری رہی.
اورخُدا نے یسوع کی پیدائش کا بندوبست کیا. اس معجزے کے متعلق یسوع کی پیدائش سے بہت پہلے ہی کتابوں میں لکھا گیا تھا.یسوع کسی ہیرو کی طرح یا کسی خاص طور پرپیدا نہیں ہوئے بلکہ وہ ایک اصطبل میں پیدا ہوئے کیونکہ کوئی دوسراکمرہ دستیاب نہیں تھا.

# اسرائیل یسوع کے زمانے میں

صوبے: گلیل، سامریہ ، یہودیہ

تخمینا رقبہ: 28,000 اٹھائیس ہزار مربع کلومیٹر (10,810) دس ہزار آٹھ سو دس مربع میل

آب و ہوا: معتدل

سیاسی: 63 (تریسٹھ)(قبل مسیح) سے رومیوں کے قبضے میں ہے

حکومت: رومی گورنر پینطوس پلاطوس اسرائیل میں نظام چلا رہا تھا. رومی شہنشاہ تبریاس اس کی نگرانی کرتا تھا.
۔ مذہب: یہودیت. یہودیوں کی یروشلم میں عبادت گاہ تھی. اُن کے پادری تمام مذہبی امور چلاتے تھے۔ اور وہاں فریسی اساتذہ بھی تھے جو لوگوں کو بائبل مقدس کی ہدایات سکھاتے تھے.

۔ زبانیں: عبرانی (یہ یہودیوں کی زبان) یونانی (بین الاقوامی سطح پر بولی جانے والی زبان) لاطینی (رومیوں کی زبان)




## ۔ بائبل مقدس:

۔ بائبل مقدس: یسوع کی کہانی بائبل مقدس میں درج ہے. جتنا کہ بائبل مقدس کو پڑھا گیا ہے کوئی دوسری کتاب اتنی زیادہ بار نہ پڑھی گئ اور نہ ہی پڑھی جائے گی. یہ کتاب کتابوں سے بھری پڑی ہے. ان تمام کتابوں کو لکھنے میں 1500 سال لگے. تقریبا 1900 (ایک ہزار نو سو) سال قبل بائبل مقدس کو مکمل کیا گیا. اس میں وہ تمام کہانیاں موجود ہیں کہ خُدا کس طرح سے لوگوں کی زندگیوں میں ملوث رہا. یسوع کی کہانی سے بالکل واضح ہوتا کہ خُدا کون ہے.



